© rasailojaraid.com



ادارہ

# افکار و تاثرات ______ قارئین بنام مدیر

از: محمود محمدی عراقی، سربراہ ادارہ ثقافت اسلامی تہران

از: عبدالمجیب (سابق مشیر، حکومت سعودی عرب)

از: مدثر اللہ خان، انڈیا

محترم جناب مولانا سمیع الحق صاحب۔

السلام علیکم۔ امید ہے مزاج گرامی بخیر ہوں گے۔

عیدالاضحیٰ کی مناسبت سے ہم آپ کو تبریک و تہنیت پیش کرتے ہیں۔ اس موقع کی مناسبت سے ادارہ ثقافت و روابط اسلامی، تہران کے سربراہ محترم حجۃ الاسلام والمسلمین جناب محمود محمدی عراقی کا حجاج بیت اللہ اور امت اسلامی کے لئے مرسلہ پیغام اس خط کے ہمراہ ہے۔ خداوند تعالیٰ اسلام و مسلمین کا حامی و ناصر ہو۔

والسلام علیکم رحمۃ اللہ و برکاتہ

ڈاکٹر نعمت اللہ ایران زادہ (سرپرست رایزنی فرہنگی)

## میدان عرفات، مغربی دشمنوں پر اتمام حجت:

یہ بے نظیر میدان (حج) مغربی ممالک کے مطلع و آگاہ حاجیوں کے لئے یہ موقع فراہم کرتا ہے کہ وہ اپنی اطلاعات کو ظاہر کر کے حقوق انسانی کے ان دعویداروں کو رسوا کریں اور یہ بتائیں کہ عالم استکبار کے صاحبان مال و طاقت و دجل و فریب کے چہروں سے نفاق اور دھوکے کا نقاب کیسے اتارا جائے۔ اور پھر سب دیکھ لیں گے کہ اسلام، آزادی، شرافت اور روحانیت کے دشمن کس طرح سے دہشت گردی کے خلاف جنگ کے اپنے ہی پیش کردہ مفہوم کے پس پشت اپنی تمام تر خباثتیں چھپائے ہوئے ہیں۔ اور مسلمانوں کے خلاف اعلانیہ طور پر نسلی تعصب، ثقافتی تعصب اور یہاں تک کہ سائنسی اور ہنری و علمی آپارٹائیڈ کو روا رکھتے ہیں۔ اور مشکوک قسم کے حوادث رونما کر کے اور ان سے فائدہ اٹھاتے ہوئے اسلامی ممالک کے اندر موجود مرعوب اور خوابیدہ حلقوں کی شرمندگی کے اسباب فراہم کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ مقامِ افسوس ہے کہ انہیں کے وسائل اور توانائیوں کو بھی خود ان کے وجود اور تشخص کے خلاف جنگ کے لئے

© rasailojaraid.com